4822CH10

بُڑھیا اور چِڑیا کی کہانی

آؤ بچّو گیت سُنائیں
گیت سنائیں خوب ہنسائیں
اِک بُڑھیا نے چڑیا پالی
ننّھی منّی، بھولی بھالی
بڑھیا بیٹھی کھیر پکاتی
چڑیا بیٹھی گیت سُناتی
اِک دِن بُڑھیا بھوکی آئی
جلدی جلدی کھیر پکائی

© NCERT not to be republished



مُنھ دھو کر وہ کھانے بیٹھی
چڑیا گیت سنانے بیٹھی
بُڑھیا نے سب کچھ کھا ڈالا
چڑیا کو بھوکا ہی ٹالا
چڑیا جب پنجرے میں آئی
بھوک سے اُس کو نیند نہ آئی
چوں چوں چوں چوں کر کے روئی
ساری رات اِسی میں کھوئی
صبح ہوئی اور مرغا بولا
بُڑھیا نے تب پنجرا کھولا
پیار سے جب اس کو چُمکارا
چڑیا نے چونچوں سے مارا
بڑھیا بھاگی گھر میں آئی
مُٹھی بھر کر دانہ لائی
جب بڑھیا نے دانہ کھِلایا
تب چڑیا نے گیت سنایا

(برکت علی فراق)

© NCERT not to be republished

مشق

1 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیے:

چِڑیا　　بُڑھیا　　چونچ　　پِنجرہ　　چُمکارا

2 سوچیے اور بتایئے:

(i) چڑیا بڑھیا کو گیت کب سناتی تھی؟

(ii) چڑیا کو رات بھر نیند کیوں نہیں آئی؟

(iii) بڑھیا نے چڑیا کو کیسے منایا؟

3 اس نظم میں الفاظ 'چوں چوں' آئے ہیں۔ یہ چڑیا کی آواز ہے۔ نیچے دی ہوئی آوازوں کے سامنے ان کے پرندوں کا نام لکھیے۔

کائیں کائیں　　-----------

غُٹرغوں　　-----------

ٹیں ٹیں　　-----------

کوُ کوُ　　-----------

پیہو پیہو　　-----------

© NCERT not to be republished

4 نیچے لکھے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے اور واقعے کو پورا کیجیے:

(i) کیا آپ اتوار کو چڑیا گھر کی سیر کرنے گئے تھے؟
(ii) آپ چڑیا گھر کی سیر کرنے کس سواری سے گئے تھے؟
(iii) چڑیا گھر کی سیر کرنے آپ کے ساتھ کون کون گیا تھا؟
(iv) چڑیا گھر میں آپ نے کیا کیا دیکھا؟
(v) چڑیا گھر میں آپ کو کس جگہ سب سے زیادہ لطف آیا؟
(vi) آپ گھر کب واپس لوٹے؟

5 اس نظم سے چڑیا کی دو خوبیاں تلاش کرکے لکھیے۔

6 عملی کام:

(i) اس نظم کو نثر میں لکھیے۔
(ii) پرندوں کی تصویریں جمع کیجیے اور انھیں اپنی کاپی میں لگائیے۔

© NCERT not to be republished